خروش دیدنی ہوتا ہے۔ کوئی اپنا گھر بطورِ سینٹر پیش کرتا ہے اور کوئی اپنی خدمات بطورِ معلمہ کے۔ 'دورۂ تفسیر پروگرام' کا آغاز ۱۹۹۹ء میں ہوا۔ پہلے سال یہ پروگرام ۱۰ مقامات پر کروایا گیا، اگلے سالوں میں یہ تعداد بتدریج ۱۷، ۱۸، ۲۳ اور ۲۵ تک پہنچ گئی۔

## دورۂ تفسیر کے لئے تربیتی ورکشاپ

دورۂ تفسیر کرانے والی طالبات کے لئے اسلامک انسٹیٹیوٹ کی مین برانچ ۱۶۴ علی بلاک، گارڈن ٹاؤن لاہور میں ہفت روزہ تربیتی ورکشاپ کا اہتمام بھی کیا جاتا ہے جس میں انسٹیٹیوٹ کی پندرہ سال سے جاری خدمات سے فیض یافتہ اور کلاسز میں نمایاں رہنے والی طالبات کو اپنی کارکردگی دکھانے کا موقع دیا جاتا ہے اور تجربہ کار اساتذہ تنقید و تبصرہ کرتے ہوئے ان کی رہنمائی و حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ اس ورکشاپ کے دوران دورۂ تفسیر قرآن میں پیش آنے والے مسائل کے حل کے لئے خواتین اساتذہ انہیں عملی ہدایات دیتی ہیں۔ مزید برآں ورکشاپ میں ماہر خواتین اساتذہ اور پروفیسرز سے حالاتِ حاضرہ اور سیرتِ صحابیات پر خصوصی لیکچرز کا انتظام بھی کیا جاتا ہے۔

اس سال ورکشاپ کے لئے ۴ دن (۴ تا ۷/ اکتوبر ۲۰۰۴ء) مختص کئے گئے جس میں پرانی تمام مفسرات کے علاوہ انسٹیٹیوٹ کے یکسالہ 'تعلیم دین کورس' سے حال ہی میں فارغ ہونے والی طالبات کو بھی ٹریننگ دی گئی۔ طالبات کی ٹریننگ کے لئے اس سال ورکشاپ میں دیے جانے والے لیکچرز کے موضوعات یہ تھے :

① اپنے سامعین کے کردار و عمل میں کیسی تبدیلی لانا ہمارا مقصد ہے؟
② تقویٰ کی اہلیت کیسے پیدا ہو؟ صغیرہ گناہوں سے بچاؤ کیسے ممکن ہے؟
③ فرقہ وارانہ مسائل کو کیسے حل کیا جائے اس موقع پر مفسرہ کو کیا رویہ اختیار کرنا ہے؟
④ اسلامی ہدایات کی روشنی میں زندگی کی شاہراہ پر کامیابی کا سفر کیسے ممکن ہے؟

ورکشاپ کی انچارج اسلامک انسٹیٹیوٹ میں حدیث کی اُستاد محترمہ نیلم اعجاز صاحبہ تھیں۔

## دورۂ تفسیر کا طریقہ

دورۂ تفسیر کا طریقہ یہ ہے کہ رمضان بھر میں پورے قرآنِ کریم کا ترجمہ اور تفسیر کروائی جاتی ہے۔ تفسیر میں رہنمائی کے لئے مولانا عبدالرحمن کیلانیؒ کی تفسیر 'تیسیر القرآن' (مفصل

www.KitaboSunnat.com

حافظ صلاح الدین یوسف کی تفسیر 'احسن البیان' اور مولانا مودودیؒ کی تفسیر 'تفہیم القرآن' کو پیش نظر رکھا جاتا ہے۔ روزانہ صبح ۱۰ تا ساڑھے بارہ بجے، ایک پارہ کی تفسیر پڑھی جاتی ہے۔ جس کا طریقہ کار یہ ہے کہ امام حرمِ مکی ڈاکٹر شیخ عبدالرحمن سدیس اور شیخ سعود الشریم کی آواز میں ہر رُبع (پاؤ پارہ) کے پہلے رکوع کی تلاوت سنائی جاتی ہے، بعد ازاں اس ربع کا ترجمہ اور تفسیر کی جاتی ہے۔ ہر پارہ کے اختتام پر آخر میں سوال و جواب کی نشست ہوتی ہے۔

اس سال یہ دورۂ تفسیر ۲۲ مقامات پر ہو رہا ہے جو درج ذیل ہیں:

| مقررہ | معاون | مقام، پتہ اور فون نمبرز |
|---|---|---|
| ① محترمہ رضیہ مدنی | ہاجرہ مدنی | 164 علی بلاک نیو گارڈن لاہور۔5841815 |
| ② جویریہ ظفر | فرح دیبا | بالمقابل 280-A فیصل ٹاؤن لاہور۔5160032 |
| ③ نبیلہ فیض | فائزہ طارق | 230-D واپڈا ٹاؤن لاہور۔5182245 |
| ④ عفت یوسف | آمنہ لیاقت | 289 ہنزہ بلاک، اقبال ٹاؤن لاہور۔5415665 |
| ⑤ گلشن فردوس | عاصمہ مجید | 600 نشتر بلاک اقبال ٹاؤن لاہور۔7446421 |
| ⑥ خالدہ | نسرین سلیم | 30-C کینال بینک ایکسٹنشن پول کراسنگ II لاہور 6863707 |
| ⑦ رافعہ مبشرہ | والدہ رافعہ | 69/3-B-II عزیز روڈ چاہ میراں روڈ لاہور 7281481 |
| ⑧ عاصمہ ضیا | سمعیہ سلیم | بہبود سنٹر، B بلاک ماڈل ٹاؤن لاہور۔ |
| ⑨ مسز عبداللطیف | عائشہ خالد | 137 سکندر بلاک، اقبال ٹاؤن لاہور 7841908 |
| ⑩ سارہ اسد | عفت | مدرسۃ الفیصل الاسلامیہ، فردوس مارکیٹ لاہور |
| ⑪ عظمٰی شاہین | صائمہ کنول | 415 عباس بلاک مصطفی ٹاؤن لاہور 5412227 |
| ⑫ ڈاکٹر زیبا وقار | شاہین یونس | کوٹھی نمبر 8-A گلی نمبر 1 کیولری گراؤنڈ لاہور 6673013 |
| ⑬ مونا اسحق | عظمٰی اکرم | 64 کشمیر بلاک، اقبال ٹاؤن لاہور 7831599 |
| ⑭ شاہین خورشید | زمرد نعیم | A-II,15-S-5 گلبرگ لاہور، |
| ⑮ عارفہ اقبال | عبیر فاطمہ | 697 نرگس بلاک اقبال ٹاؤن لاہور 5414697 |
| ⑯ مسز اختر لطیف | اقصیٰ اشرف | عسکری فلیٹ، لاہور 5884417 |
| ⑰ نیلم اعجاز | ثنا شاہد | 98 برج کالونی، کینٹ لاہور، 6674338 |
| ⑱ نوشین ابرار | رابعہ | 29۔ایئرفورس کالونی، طفیل روڈ بالمقابل پولو گراؤنڈ 6675330 |

www.KitaboSunnat.com

| | | |
|---|---|---|
| ⑲ فاطمہ مدنی فاطمہ اعجاز | | مدرسہ علی بن ابی طالب کوٹ لکھپت لاہور 5885256 |
| ⑳ نبیلہ غفار | خدیجہ یوسف | 740 ایف بلاک گلشن راوی، لاہور 7415011 |
| ㉑ مہر آپا | نرگس رضوان | 367 رضا بلاک اقبال ٹاؤن لاہور، 5418735 |
| ㉒ ملیحہ حبیب | صائمہ اکرم | سمن آباد، لاہور 7562362 |

## ❷ نمازِ تراویح (قیام اللیل)

رمضان کی راتوں میں قیام اللیل کا اپنا ہی کیف اور مزہ ہے۔ خواتین کو ان کے گھروں کے قریب ہی قیام اللیل کی سہولت فراہم کرنے کے لئے شعبۂ حفظ کے تحت ہر سال خواتین کی نمازِ تراویح کا انتظام ہوتا ہے جس کے ساتھ مختصر تفسیر کاانتظام بھی کیا جاتا ہے۔ ماہِ شعبان میں ہی تراویح پڑھانے والی طالبات پر خصوصی توجہ مرکوز کرتے ہوئے ان کے ٹیسٹ شروع ہوجاتے ہیں۔ انسٹیٹیوٹ سے حفظ کرنے والی سابقہ طالبات کو بھی تراویح پڑھانے کے لئے رابطہ کیا جاتا ہے۔اس سلسلے میں طالبات کے لئے منعقدہ ورکشاپ میں تراویح کے مسائل، نماز کا طریقہ، رمضان کے مسائل خصوصاً خواتین کو جماعت کے حوالے سے پیش آنے والے مسائل کی قرآن وحدیث کی روشنی میں وضاحت کی جاتی ہے۔

تراویح پڑھانے والی ہر حافظہ سے تجرباتی طور پر انسٹیٹیوٹ میں کئی بار دو رکعت نماز باجماعت پڑھائی جاتی ہے، ایسے ہی مختصر تفسیر کرنے والی طالبات کو بھی تفسیر پیش کرنے کو کہا جاتا ہے۔یوں ہر سینٹر پر ایک قاریہ اور ایک سامعہ کے ساتھ ایک مفسرہ طالبہ کا اہتمام بھی ہوتا ہے جو آخر میں روز مرہ کی دعائیں بھی یاد کراتی ہیں۔ ان تمام مراکز تراویح کو انسٹیٹیوٹ کالٹریچر اور اسلامی کتب بھی مہیا کی جاتی ہیں جن میں سے بعض کے سٹال روزانہ لگتے ہیں اور بعض فری تقسیم کی جاتی ہیں۔

ہر مرکز کی یومیہ رپورٹ لینے کے لئے دورانِ رمضان ایک دورکنی موبائل ٹیم تشکیل دی جاتی ہے جو بہتر کارکردگی کو یقینی بنانے کے لئے ہر سنٹر کا جائزہ لیتی ہے۔

تراویح کے اس سلسلے کا آغاز بھی پہلی بار ۱۹۹۹ء میں ۲۶ مقامات پر انتظام سے شروع ہوا۔ ہر سال اس تعداد میں اضافہ ہی ہوا ہے۔ الحمدللہ اب یہ تعداد ۵۰ تک پہنچ چکی ہے۔

www.KitaboSunnat.com

| قاریہ | معاون | مقامات/فون نمبرز |
|---|---|---|
| **گلبرگ / کینٹ** | | |
| حافظ فاطمہ مدنی | عفت | 13-E/2 گلبرگ III لاہور 5878547 |
| حافظہ رضیہ | شہزادی جویریہ | E29/801 عون منزل سٹریٹ 5 غوثیہ کالونی، والٹن روڈ لاہور۔6680759 |
| عائشہ ظفر | آمنہ ظفر | 104جے بلمقابل فردوس مارکیٹ گلبرگ III 5885460 |
| عائشہ یونس | فاطمہ + عائشہ | 7-Up,K-25 سٹاپ گلبرگ لاہور 5713003 |
| حنا عبدالستار | شائستہ عبدالستار | مکان نمبر ۵۷ گلی ۳ مین بازار بلال نگر گلبرگ III لاہور |
| حافظہ ہاجرہ مدنی | عارفہ انور | 101 برج کالونی نزد شیر پاؤ پل کینٹ 6673630 |
| حافظہ حارث خورشید | شاہین خورشید | 15-S-5/A-2 گلبرگ III لاہور، 5759541 |
| اسماء یونس | نغمانہ | مکان نمبر LDA/221 گلی نمبر 4 گوپال نگر گلبرگ III، لاہور۔5835332 |
| ملیحہ لغاری | خدیجہ | Z-975 بلاک ڈیفنس لاہور، 5895881 |
| **ٹاؤن شپ / گرین ٹاؤن** | | |
| نسرین اسحق | سحر نیامت / مہوش شہزادی | مکان نمبر 34 بلاک 7 مین مارکیٹ نزد گورنمنٹ بوائز سکول، ٹاؤن شپ لاہور، 5151234 |
| سعدیہ مدنی | آسیہ | ۱۷ فروٹ مارکیٹ، کوٹ لکھپت، لاہور 5154270 |
| نادیہ آصف | ثمرین فاطمہ | ندیم پارک کرمانوالہ بازار، کوٹ لکھپت 5880240 |
| سفینہ پروین | ثمینہ پروین | ۹۰ فروٹ مارکیٹ کوٹ لکھپت لاہور 5884648 |
| مبین لیاقت | رابعہ | ۶۰ ندیم پارک کرمانوالہ بازار، کوٹ لکھپت 5850853 |
| آصفہ گل | صالحہ حمیدہ | ۷۹ بلاک ۳ سیکٹر ۴ D-I گرین ٹاؤن 5114138 |
| حنا الطاف | آمنہ ذوالفقار | ۵۱۵ بلاک A II ٹاؤن شپ 5121561 |
| اقرأ عبید | یسریٰ عبید | 148، ۱۳ / بی ون ٹاؤن شپ 5154270 |
| **گارڈن ٹاؤن / فیصل ٹاؤن / ماڈل ٹاؤن / جوہر ٹاؤن / واپڈا ٹاؤن** | | |
| نبیلہ ابراہیم | شاہدہ ذوالفقار + فرحت | J-8 بلاک، ماڈل ٹاؤن لاہور 5884561 |
| اقصیٰ اشرف | قیصرہ راؤ | R-244 بلاک ماڈل ٹاؤن لاہور 5758244 |
| سعدیہ اسلم | رابعہ طارق + بشریٰ اسلم | 5834451 |

www.KitaboSunnat.com

| | | |
|---|---|---|
| لینا سعید | نائلہ کنول | 230-D واپڈا ٹاؤن لاہور، 5182245 |
| سلمیٰ ثنا | تنزیلہ | 29B/4 دارالسلام واپڈا ٹاؤن لاہور 5183123 |
| مریم محمود | میمونہ محمود | B-9-ریونیو بورڈ سوسائٹی جوہر ٹاؤن، 5174300 |
| رقیہ دلدار | فاطمہ لیاقت | 247-J طارق ہاؤس ماڈل ٹاؤن، 5887102 |
| فہمینہ | آمنہ خالد | 422-K ماڈل ٹاؤن لاہور، 5853422 |
| نبیلہ اسلم | اقصیٰ اشرف | 244 آر بلاک ماڈل ٹاؤن 5858244 |
| خدیجہ | شاہدہ ذوالفقار | 90 ٹیپو بلاک، گارڈن ٹاؤن لاہور 5860736 |
| حافظ ابراہیم انعام | عطیہ انعام الٰہی | 140 احمد بلاک گارڈ ٹاؤن، لاہور 5857837 |
| طاہرہ منظور | مسز جویریہ ظفر | بالمقابل 280 اے فیصل ٹاؤن، لاہور 5160032 |

## علامہ اقبال ٹاؤن

| | | |
|---|---|---|
| نبیلہ ابراہیم | صدف حبیب | 598۔ کریم بلاک، اقبال ٹاؤن لاہور 5411598 |
| صبا لیاقت | آمنہ لیاقت | 743 نظام بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن 5420181 |
| انعم انور | عاصمہ مجید | 1۔ نظام بلاک، اقبال ٹاؤن لاہور، 5434287 |
| گلشن نذیر | رضیہ نذیر | E/5 سینٹرل کالونی وحدت روڈ لاہور، 5862350 |
| فرح صلاح الدین | شائستہ | کوارٹر ۵، نزد گورنمنٹ سائنس کالج، وحدت روڈ 5422235 |
| ثنا متین | ہمیمہ ریاض | نیلم بلاک علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور 7445816 |

## متفرق

| | | |
|---|---|---|
| طیبہ ابراہیم | نعیمہ ابراہیم | 248 ہدایت اللہ بلاک مصطفیٰ ٹاؤن 5427248 |
| سحر نبی | شمسہ کنول | 168 فاضلیہ کالونی، شاہ جمال اچھرہ، 7550248 |
| فہیمہ ابراہیم | عدیلہ ابراہیم | 29 ایئر فورس کالونی، طفیل روڈ 6675330 |
| صائمہ یوسف | لبنیٰ شہزادی | موبائل 0300-4768217 |
| حمیرا اشرف | | سٹریٹ نمبر 4، ہاؤس نمبر 20 قائد اعظم پارک، کوٹ لکھپت لاہور، 5855375 |
| شاہدہ عبدالخالق | شازیہ عطا | E/398-II بالمقابل ٹیلی فون ایکسچینج غازی روڈ، لاہور فون: 5821625 |
| حافظہ مریم مدنی | | ایف جے کالج وارث روڈ، لاہور 5852897 |

www.KitaboSunnat.com

## ۳ ہفت روزہ کورس

اسلامک انسٹیٹیوٹ رمضان المبارک میں ہفت روزہ کورس کا انعقاد کرتا ہے۔ یہ کورس بنیادی طور پر سکول و کالج کی طالبات کے لئے ترتیب دیا گیا ہے جو آسان انداز میں دین کا جامع تصور سکھاتا ہے۔ اس کورس کے ذریعے طالبات کو بنیادی اسلامی معلومات سے آگاہ کیا جاتا ہے۔ سکول کی انتظامیہ بھی نیکی کے جذبے کے تحت ہی اس کورس کو منعقد کرنے کی اجازت دیتی ہے۔

اس کورس کا آغاز رمضان المبارک ۱۹۹۶ء سے کیا گیا جس کا باقاعدہ نصاب تیار کرکے شائع بھی کرایا جاتا ہے۔ یہ نصاب خالصتاً قرآن و حدیث پر مشتمل ہے۔ قرآن کے نصاب میں عقیدۂ توحید، رمضان المبارک، مؤمنین کی صفات، حلال و حرام، خواتین کے مسائل، عقیدۂ آخرت وغیرہ کے موضوعات شامل ہیں۔اسی طرح احادیثِ نبوی کا ایک جامع انتخاب 'ارشادات رحمۃ للعالمین ﷺ' کے نام سے جمع کیا گیا ہے۔ ہر سبق کے لئے معروضی انداز کے پرچہ جات تیار کرکے سبق کے اختتام پر شرکا کو دیے جاتے ہیں۔اس امتحان میں کامیاب ہونے والے کو سرٹیفکیٹ عطا کئے جاتے ہیں۔

اس کورس کے لئے بھی اساتذہ کو خصوصی ٹریننگ دی جاتی ہے۔آغاز میں یہ کورس ۵ روزہ تھا جو ابتدائی طور پر ۶۵ مقامات پر کروایا گیا، گذشتہ سالوں میں یہ تعداد ۷۰ سکولوں تک بھی پہنچتی رہی ہے۔ یہ کورس ہشتم تا دہم کی طالبات کو کروایا جاتا ہے۔

ہفت روزہ کورس کرانے کی ذمہ داری انسٹیٹیوٹ سے فارغ التحصیل طالبات کو سونپی جاتی ہے جس کو وہ بخوشی قبول کرتے ہوئے احسن طریقے سے انجام دینے کی کوشش کرتی ہیں تاکہ جس دین نے ان کی رہنمائی کی، اسی دین سے یہ دوسروں کی رہنمائی کریں۔اس کورس سے مجموعی طور پر ہزاروں طالبات فیض یاب ہوچکی ہیں۔

کورس کی اسناد تقسیم کرنے کے لئے ہر سال پرنس ہال، لاہور میں ایک پروقار تقریب کا اہتمام کیا جاتا ہے جس میں طالبات اپنے تاثرات اور خیالات پیش کرتی ہیں جس کا لبِ لباب یہ ہوتا ہے کہ اتنی دنیوی تعلیم حاصل کرنے کے باوجود اس مختصر کورس نے انہیں احساس دلایا کہ وہ دین کے بارے میں کچھ نہیں جانتیں اور اس مختصر کورس نے ان کا رشتہ دین سے جوڑ دیا ہے

www.KitaboSunnat.com

جسے انہوں نے پس پشت ڈال رکھا تھا۔ اس پروگرام میں متعلقہ کالج کی اساتذہ اور پرنسپل کو بھی اظہارِ خیال کا موقع دیا جاتا ہے جس میں اپنے نیک جذبات کا اظہار کرتے ہوئے اکثر وہ انتظامیہ سے استدعا کرتی ہیں کہ اس سلسلے کو جاری رکھا جائے تاکہ لوگوں میں زیادہ سے زیادہ دینی شعور بیدار ہو۔

سکول و کالج میں کورس کے آخری دن بھی ایک پروگرام ہوتا ہے جس میں اس ادارہ کی پرنسپل، دو طالبات اور انسپکشن ٹیم بھی اپنے تاثرات دیتی ہیں۔ یہ طالبات اپنے اداروں میں مہمانِ خصوصی کو بلا کر دعا کے ساتھ اپنے پروگرام کا اختتام کرتی ہیں۔ یہ کورس اس سال لاہور کے ۱۰ کالج اور ۲۰ سکولوں میں شروع کروایا جا چکا ہے۔ رمضان کے اختتام تک اس تعداد میں اضافہ ہو جائے گا۔ ان شاء اللہ

## ۴ کالجوں میں دروس

نئی نسل کو دین سے روشناس کرانا ہمارا اسلامی فریضہ ہے۔ ماحول کی بگڑتی روش نے اہل نظر کو یہ سوچنے پر مجبور کردیا ہے کہ وہ نئی نسل کی تربیت کے لئے نئی راہیں نکالیں۔ اسلامک انسٹیٹیوٹ نے اس سلسلے میں اپنا ہدف کالجز کی طالبات کو بنایا ہے۔ طالبات میں دین کا ذوق پیدا کرنے کے لئے لاہور کے تمام کالجز میں ہفت روزہ دروس کا اہتمام کیا گیا ہے جس کا موضوع 'دعوت الیٰ القرآن اور رمضان کے تقاضے' ہے۔ اس سلسلے میں ایک ٹیم تیار کی گئی جس نے تمام کالجز سے رابطہ کرکے اس پروگرام کو منعقد کرنے کا اہتمام کیا ہے۔

اس پروگرام کی انچارج انسٹیٹیوٹ میں قرآن کریم کی اُستاد ڈاکٹر زیبا وقار ہیں۔ اس سال یہ دروس مندرجہ ذیل کالجز میں ہوں گے :

| کالج | تاریخ/وقت | مقررہ |
|---|---|---|
| ① ماڈل ٹاؤن ڈگری کالج | ۱۱/ اکتوبر (۱:۴۵ تا ۲:۴۵) | مسز رابعہ رفیق، مسز رخسانہ |
| ② ماڈل ٹاؤن ڈگری کالج | ۱۵/ اکتوبر (۱۲:۰۰ تا ۱:۰۰) | مسز رابعہ رفیق، مسز رخسانہ |
| ③ حمایت اسلام کالج | ۱۸ تا ۲۵/ اکتوبر (۹:۱۰ تا ۱۰:۳۰) | مسز رابعہ رفیق، محترمہ فریحہ عنبر |
| ④ وحدت روڈ کالج | ۱۹/ اکتوبر (۹:۱۵ تا ۱۰:۱۵) | محترمہ صدف ریاض، مسز نرگس رضوان |
| ⑤ وحدت روڈ کالج | ۲۰/ اکتوبر (۱۰:۰۰ تا ۱۱:۰۰) | محترمہ صدف ریاض، مسز نرگس رضوان |

www.KitaboSunnat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| ⑥اعوان ٹاؤن، کالج | ۱۴/ اکتوبر (۱۱:۳۰ تا ۱:۰۰) | محترمہ صدف ریاض، مسز نرگس رضوان | |
| ⑦سپیریئر کالج، کلمہ چوک | ۹/ اکتوبر (۴:۱۵ تا ۵:۱۵) | مسز سارہ اسد، مسز صبا ناصر | |
| ⑧عائشہ ماڈل ڈگری کالج | ۱۵/ اکتوبر (۱۱:۰۰ تا ۱۲:۰۰) | مسز سارہ اسد، مسز صبا ناصر | |
| ⑨عائشہ ماڈل ڈگری کالج | ۱۶/ اکتوبر (۱۱:۰۰ تا ۱۲:۰۰) | مسز سارہ اسد، مسز صبا ناصر | |
| ⑩گلبرگ کالج | ۲۰/ اکتوبر (۱۰:۰۰ تا ۱۱:۰۰) | مسز سارہ اسد، مسز صبا ناصر | |
| ⑪گلبرگ کالج | ۲۱/ اکتوبر (۱۰:۰۰ تا ۱۱:۰۰) | مسز سارہ اسد، مسز صبا ناصر | |
| ⑫غزالی گرلز کالج | ۱۱/ اکتوبر (۱۰:۳۰ تا ۱۱:۳۰) | محترمہ مریم مدنی صاحبہ | |
| ⑬غزالی گرلز کالج | ۱۲/ اکتوبر (۱۰:۳۰ تا ۱۱:۳۰) | محترمہ رضیہ مدنی صاحبہ | |

یہ تو رمضان کے خصوصی پروگراموں کا ایک مختصر تذکرہ ہے۔ مگر انسٹیٹیوٹ میں سارا سال تعلیمی سرگرمیاں جاری رہتی ہیں کبھی یک ماہی تجوید کورس، عربی گرامر کورس، گرمیوں کی تعطیلات میں سمر کیمپ، بچوں کے کورسز، دو ماہی کورس جبکہ تعلیم دین کورس (ایک سال، ۲سال، ۳سال) اور شعبۂ حفظ وغیرہ کئی سالوں سے کامیابی سے چل رہے ہیں۔

۲۰۰۴ء کے آغاز سے مردانہ ونگ کے تحت بھی کئی کورسز شام کے اوقات میں شروع کر دیے گئے ہیں جن میں عربی لنگویج کورس (۴ ماہ)، فہم دین کورس (۳ ماہ) تجوید کورس، ایک سالہ ترجمہ قرآن کورس اور ایک سالہ تعلیم القرآن کورس نمایاں ہیں۔

الغرض انسٹیٹیوٹ کی یہ مختلف سرگرمیاں دین کے پیغام کو پھیلانے کے لئے مختلف انداز سے، مختلف اوقات میں جاری رہتی ہیں۔ یہ ادارہ لاہور میں بیسیوں خواتین اساتذہ کے ذریعے اپنی ۳ مستقل عمارتوں اور ۵۰ کے قریب سنٹرز میں ۱۵ سال سے نبی آخر الزماں ؐ کی دعوت کو پھیلانے کیلئے سرگرم ہے۔ ادارے کی روح رواں محترمہ رضیہ مدنی صاحبہ (اہلیہ حافظ عبدالرحمن مدنی) نے خواتین میں جو سفر پہلے پہل اکیلے شروع کیا تھا، اب ایک ٹیم الحمد للہ ان کے ساتھ منظم ہو چکی ہے۔ اللہ تعالیٰ اس نیک کام کو شرفِ قبولیت عطا فرمائے اور اس کے فروغ میں اپنی محنتیں کھپانے والوں کو دین و دنیا میں کامیابی و کامرانی سے نوازیں۔ آمین!

دورانِ رمضان المبارک مختلف مقامات پر ہونے والے پروگراموں میں شرکت کیلئے ان فون نمبرز پر معلومات حاصل کریں: 5866476, 5866396, 5839404 اور 0300-4176130

www.KitaboSunnat.com

# جامعہ لاہور الاسلامیہ (رحمانیہ) کی 'تربیتی ورکشاپ ۲۰۰۴ء'

جامعہ میں گذشتہ ماہ ہونے والی تربیتی ورکشاپ کو مختلف حلقوں میں غیر معمولی پسندیدگی کی نظر سے دیکھا گیا۔ بالخصوص محدث میں اس کی تفصیلی رپورٹ کی اشاعت کے بعد اندرون وبیرونِ ملک سے اس بارے میں بہت سے تعریفی مراسلے موصول ہوئے۔

ورکشاپ میں لیکچرز کے موضوعات، اہم شخصیات، شرکت کرنے والے اداروں کی وسعت اور معیاری انتظامات وپروگرام نے سب کو متاثر کیا۔

☜ ۱۶ر ستمبر ۲۰۰۴ء کی شام سعودی عرب کے دار الحکومت ریاض سے مولانا ڈاکٹر لقمان سلفی (صاحب تفسیر تیسیر الرحمن اور رئیس جامعہ شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ، ہند) نے فون پر محدث کے مدیر اعلیٰ حافظ عبد الرحمن مدنی کو مبارکباد دی اور ان کی کاوشوں کو سراہا۔ انہوں نے اس ورکشاپ کو دیگر تعلیمی اداروں کے لئے ایک روشن مثال قرار دیتے ہوئے ان اداروں کا فیض زیادہ سے زیادہ پھیلنے کی دعا کی۔ ادارہ ان کے ان نیک اور محبت بھرے جذبات خیر مقدم کرتے ہوئے ان کی اس حوصلہ افزائی پر شکر گزار ہے۔

☜ ۱۹۷۰ء میں ماہنامہ محدث کا آغاز کرنے والوں میں محترم مدیر اعلیٰ کے ہمراہ شیخ الحدیث حافظ ثناء اللہ مدنی اور مولانا عبدالسلام کیلانی بھی شامل تھے۔ مولانا کیلانی کئی سال سے یوگنڈا میں دعوتی سرگرمیوں میں مصروف ہیں۔ اس رپورٹ کی اشاعت کے بعد موصوف نے دو، تین مبارکبادی فون کئے۔ اُنہوں نے ادارے کی ان کاوشوں کو مخلص لوگوں کی محنت اور بعض خیر خواہوں کی دعا کی نتیجہ قرار دیتے ہوئے مدیر اعلیٰ کی جدوجہد کی از حد تعریف کی۔ انہوں نے کہا کہ یہ ادارے واقعتا جماعتِ اہل حدیث کا طرۂ امتیاز اور دیگر دینی اداروں کے لئے روشن مثال ہیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں حاسدوں کی نظربد سے بچائے۔ مزید برآں فیکس کے ذریعے انہوں نے اپنے نیک خیالات ارسال بھی کئے۔

☜ ورکشاپ کے بارے میں تعلیمی اداروں کے اساتذہ اور اہل علم حضرات کے بھی تعریفی مراسلے موصول ہوئے ہیں، ادارہ ان تمام لوگوں کی قدر افزائی پر ان کا شکر گزار ہے۔

☜ رپورٹ کی اشاعت کے بعد بہت سی فاضل شخصیات اور اداروں نے ورکشاپ میں انہیں نمائندگی نہ دینے پر شکایت کا بھی اظہار کیا اور کہا کہ انہیں اس ورکشاپ کا اس رپورٹ کے بعد ہی علم ہوا ہے۔ ادارہ ایسے تمام خیر خواہوں سے معذرت خواہ ہے جنہیں وقت کی کمی سے اس بار موقع نہیں دیا جا سکا۔

(ادارۂ محدث و منتظمین جامعہ)

ورکشاپ ۲۰۰۲ء اور ۲۰۰۴ء کی سی ڈیز تیار ہیں، دونوں سی ڈیز کی قیمت ۶۰ روپے